گا۔اسی طرح مدارس وجامعات کے لیے مناسب ترمیمی نصاب کی تجاویز تیار کرنے کیلئے تجربہ کار اہل علم اور ماہرین تعلیم کے مسلسل اجلاسوں کا اہتمام کیا جائے گا۔ان شاء اللہ

امریکی حکومت کی دعوت پر مدیر 'محدث' کی امریکہ روانگی

امریکی حکومت برسہا برس سے اپنے عالمی ایجنڈے کو فروغ دینے کے لئے دنیا بھر سے مختلف میدانوں کے ماہرین اور اُبھرتے رہنماؤں کو اپنے دار الحکومت میں دعوت دیتی ہے۔ اس پروگرام کے دوران امریکی دلچسپی والے مختلف ممالک سے بلائی جانے والی ان شخصیات کو اہم تعلیمی و پالیسی اداروں کی زیارت، امریکی طرزِ حکومت کا تعارف اور معروف امریکی دانشوروں سے ملاقاتیں کرائی جاتی ہیں۔

اس پروگرام کے شرکاء کی سفری ضروریات وسہولیات کے علاوہ ان کی تمام تر مصروفیت کا تعین وانتظام 'امریکی وزارتِ داخلہ' کے زیرنگرانی ہوتا ہے۔

اِمسال پاکستان سے ماہنامہ 'محدث' کے مدیر **حافظ حسن مدنی** کو **انٹرنیشنل وزیٹر پروگرام** میں شرکت کی دعوت دی گئی جس کا موضوع **'امریکہ میں مذہبی تنوعات کا مطالعہ'** تجویز کیا گیا ہے۔ آپ یکم اپریل سے ۲۳/ اپریل ۲۰۰۶ء تک امریکہ کے پانچ اہم شہروں (واشنگٹن ڈی سی، سانتا ایف، کلیو لینڈ، میم فس اور سان فرانسسکو) میں مذہبی شخصیات اور پالیسی اداروں کی نمائندہ شخصیات سے ملاقات کریں گے۔

۷ افراد پر مشتمل اس گروپ میں انڈیا سے ۲، بنگلہ دیش اور نیپال سے ایک ایک، سری لنکا سے دو نمایاں شخصیات اور پاکستان کی طرف سے مدیر موصوف شرکت کررہے ہیں۔آپ کی وطن واپسی پر اس دورے کی مختصر روداد اور تاثرات 'محدث' میں شائع کئے جائیں گے۔ان شاء اللہ!

دورے کے دوران آپ سے محدث کے اِی میل نمبر پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

www.KitaboSunnat.com